NHS

coordinate my care

Urdu

مریضوں اور اُن کی دیکھ بھال کرنے والوں کے لیئے معلومات

‹کوآرڈینیٹ مائی کیئر› کیا ہے؟

ایک مریض کے طور پر ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی مستقبل کی دیکھ بھال کے بارے میں نظریات رکھتے ہوں: کہ آپ کیا چاہتے ہیں کہ کیا ہو، آپ اپنی دیکھ بھال کہاں وصول کرنا چاہتے ہیں اور یہاں تک کہ کونسی ایسی چیزیں ہیں جن سے آپ بچاؤ چاہتے ہیں۔

کوآرڈینیٹ مائی کیئر (سی ایم سی)، یعنی میری دیکھ بھال، ایک مفت کی سروس ہے جو آپ کے کیئر پلان یعنی ذاتی نگہداشت کی منصوبہ بندی کے ایک الیکٹرانک ریکارڈ میں آپ کے خیالات کو درج کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ اس کیئر پلان کو ڈاکٹر، نرسنگ اور ہنگامی خدمات کا عملہ دیکھ اور پڑھ سکتے ہیں جس سے اُن کو آپ کی طرف سی چنی ہوئی ترجیحات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

آپ کو میری اجازت کی ضرورت ہے؟

جی ہاں۔ آپ سی ایم سی کی سروس میں صرف اُس وقت شامل ہوں گے اور آپ کا سی ایم سی ریکارڈ صرف اُس وقت ترتیب دیا جائے گا جب اس میں شرکت کے لیئے آپ کی رضامندی حاصل کر لی جائے گی۔ اگر کوئی شخص اپنی انتخاب کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھے تو ڈاکٹر یا نرس جہاں ممکن ہو اُس شخص کے کُنبے کے افراد یا اُس کی دیکھ بھال کے ذمہ دار افراد سے بات چیت کرکے ان کے بہترین مفاد کے لیئے فیصلہ کر سکتے ہیں۔

میرے سی ایم سی ریکارڈ کو کون دیکھیں گے؟

صرف صحت کے پیشہ ور ماہرین، ہنگامی اور عام اوقات سے باہرکی صحت کی خدمات آپ کا سی ایم سی ریکارڈ دیکھ سکتے ہیں۔

برائے مہربانی آپ کی دیکھ بھال کرنے والوں اور سرپرست افراد کو آگاہ کریں کہ آپ کا سی ایم سی ریکارڈ موجود ہے تا کہ وہ اس کے بارے میں باخبر ہوں اور ہو سکتا ہے کہ وُہ اس سلسلے میں مفید معلومات بھی مہیا کر سکیں۔

بعض اوقات سی ایم سی ریکارڈ کی معلومات تحقیقی مقاصد یا خدمات کو بہتر بنانے کے لئے استعمال کی جا سکتی ہیں۔ ہم جب ایسا کرتے ہیں توہم پہلے ایسی معلومات نکال دیتے ہیں جن سے آپ کی شناخت ہو سکتی ہو، اگر یہ ممکن نہ ہو تو اس کے استعمال کے لئے آپ کی اجازت حاصل کریں گے۔ آپ کی معلومات کو فروخت یا مارکیٹنگ کے مقاصد کے لئے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

سی ایم سی میں حصہ لینے کے کیا فوائد ہیں؟

سی ایم سی آپ کو ان امور کے بارے میں فیصلے کرنے میں مدد مہیا کرتی ہے کہ آپ کس قسم کی دیکھ بھال چاہتے ہیں اور آپ اسے کہاں چاہتے ہیں۔ پھر وُہ اس امر کو یقینی بناتی ہے کہ آپ کی دیکھ بھال سے متعلقہ ہر شخص آپ کی ترجیحات کے بارے میں باخبر ہو۔

میں اپنے سی ایم سی ریکارڈ میں معلومات کو کس طرح سے دیکھ سکتا ہوں؟

جب آپ کا سی ایم سی ریکارڈ تخلیق کیا جاتا ہے تو آپ کو اس کی ایک کاغذی نقل پیش کی جائے گی۔ اس کے بعد، آپ کسی بھی وقت اس کی ایک نقل حاصل کر سکتے ہیں۔

سی ایم سی میں حصہ لینے کے ممکنہ نقصانات کیا ہیں؟

اگرچہ آپ کے ڈاکٹر یا نرس ایک حساس طریقے سے آپ کی دیکھ بھال کے بارے میں آپ سے بات چیت کریں گے ہو سکتا ہے کہ آپ ان کے کچھ سوالات کے جواب دینے کے لئے تیار نہ ہوں۔ اگر ایسا ہو توآپ کو ان کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے، یا آپ ایسا کسی اور وقت کر سکتے ہیں۔

اگرمیں سی ایم سی میں حصہ لینا چاہوں تو کیا ہو گا؟

آپ کے ڈاکٹر یا نرس آپ کی صحت اور آپ کی مستقبل کی دیکھ بھال کے بارے میں آپ کے ساتھ بات کریں گے۔ وہ سی ایم سی کے بارے میں وضاحت کریں گے اور آپ سے پوچھیں گے کہ آیا آپ سی ایم سی ریکارڈ میں شرکت کرنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ ایسا کرنا چاہتے ہیں تو وہ آپ کے سی ایم سی ریکارڈ کی تخلیق کریں گے جس میں آپ کی تاریخ پیدائش، پتہ، قریب ترین رشتہ دار آپ کی مرض کی شخیص، ادویات، اور آپ کی دیکھ بھال کے سلسلے میں آپ کی خواہشات جیسی تفصیلات درج ہوں گی۔

سی ایم سی سروس آپ کی دیکھ بھال کے ماہرین افراد، ایمبولینس سروس، این ایچ ایس 111 ٹیلی فون سروس اور آپ کے علاقے میں معمول کے اوقات سے باہر کی جی پی سروس کو ایک پیغام بھیجیں گے کہ آپ کا سی ایم سی ریکارڈ ضرورت پڑنے پر دستیاب ہے۔

اگر میں سی ایم سی میں حصہ نہ لینا چاہوں تو؟

آپ کا سی ایم سی ریکارڈ آپ کی اجازت کے بغیر تشکیل نہیں دیا جائے گا۔ آپ کا فیصلہ جو کچھ بھی ہو آپ کسی بھی وقت اپنی دیکھ بھال کے ذمہ دار ماہرین سے کہہ کر اسے تبدیل کر سکتے ہیں۔

ایک بار جب آپ سی ایم سی میں شرکت کرتے ہیں اور پھراس کو چھوڑنا چاہیں توآپ کے ریکارڈ کو بند کر دیا جائے گا لیکن اس کو ضائع نہیں کیا جائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ اب آپ کی دیکھ بھال کرنے والے تمام ڈاکٹروں، نرسوں، پیرامیڈکس اور سماجی کارکنوں کو میسر نہیں ہو گا۔ اگرچہ اس کے امکانات بُہت کم ہیں لیکن آپ کی دیکھ بھال کے سلسلے میں کسی ممکنہ تحقیق کی صورت میں سی ایم سی کے عملے کے سینئر ارکان آپ کے بند شُدہ ریکارڈ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کی اجازت کے ساتھ کیا جائے گا۔ سی ایم سی کے لیئے یہ جاننا ضروری ہے کہ اگر کسی نے اپنا ریکارڈ بند کروایا ہے تو اس کی کیا وجہ تھی تا کہ اگر کسی مسائل کی نشاندہی ہو تو اُن کو حل کیا جائے۔ ایسا کرنے کے لئے ہمیں بند کردہ ریکارڈ کی آڈٹ یعنی پڑتال کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کی معلومات کو اس مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگراس کو ایک آڈٹ میں شامل کیا جاتا ہے تو آپ کا نام اور شناخت ظاہر نہیں کیئے جائیں گے۔

آپ کا فیصلہ جو بھی ہو ہر فرد اُن کو میسر معلومات کے ساتھ آپ کو بہترین ممکنہ دیکھ بھال فراہم کرے گا۔

Date published: May 2014 | Review date: February 2015 © Coordinate My Care

مریضوں اور اُن کی دیکھ بھال کرنے والوں کے لیئے معلومات

میں اپنے ریکارڈ کی تجدید کس طرح کروں؟

آپ کی دیکھ بھال کے پیشہ ور ماہرین باقاعدگی سے آپ کے ساتھ آپ کی دیکھ بھال کے بارے میں بات کریں گے اور کسی تبدیلی کی صورت میں آپ کے سی ایم سی ریکارڈ کی تجدید کریں گے۔ اگر آپ اپنا پتہ یا جی پی تبدیل کرتے ہیں تواپنے جی پی یا نرس کو مطلع کیجئے اور وہ ریکارڈ میں مطلوبہ تبدیلیاں درج کریں گے۔

ہم سے رابطہ کریں

اگر آپ کے سی ایم سی کے بارے میں کوئی سوالات ہیں توبرائے مہربانی درج ذیل کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں:

Coordinate My Care Team
The Royal Marsden, NHS Foundation Trust, Fulham Road, London SW3 6JJ
020 7811 8513
پیر - جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک
coordinatemycare@nhs.net
www.coordinatemycare.co.uk

آپ کو طبی یا نرسنگ دیکھ بھال کے سلسلے میں مشاورت کی ضرورت ہو توجی پی، ڈسٹرکٹ نرس یا دیکھ بھال کے دیگر پیشہ ور ماہرین سے رابطہ کریں۔

یہاں سے کاٹیئے

NHS

coordinate my care

جو معلومات آپ کو اپنی دیکھ بھال کرنے والے / ہیلتھ کیئر ٹیم کو بتانی چاہیں

آپ کے ‹کوآرڈینیٹ مائی کیئر› کے ریکارڈ کے بارے میں آپ کے جی پی، صحت اور سماجی نگہداشت کی ٹیمیں باخبر ہیں۔

آپ کی دیکھ بھال کرنے والے یا صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے دیگر اداروں کے لئے ایک یاد دہانی کے طور پر ہم تجویز کریں گے کہ آپ اس مختصر فارم پر معلومات بھر کر اسے اپنے طبی نوٹس کے ساتھ رکھیں۔

اگر آپ کو این ایچ ایس 111، اوقات سے باہر جی پی سروس سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو یا آپ کے لیئے ایک ایمبولینس بلائی جاتی ہے تو برائے مہربانی اُنھیں بتائیں کہ آپ کا ‹کوآرڈینیٹ مائی کیئر› کا ریکارڈ موجود ہے۔

CALL 111

Coordinate My Care Team
The Royal Marsden, NHS Foundation Trust, Fulham Road, London SW3 6JJ
020 7811 8513
پیر - جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک
coordinatemycare@nhs.net

مزید معلومات کے لیئے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کیجئے:
www.coordinatemycare.co.uk

این ایچ ایس کے طبی ماہرین نے اسے تخلیق کیا این ایچ ایس کے مریضوں کے لیئے

پہلا نام	خاندانی نام
تاریخ پیدائش	**این ایچ ایس نمبر**

Date published: May 2014 | Review date: February 2015 © Coordinate My Care